# جنگل کی زندگی

4922CH09

جنگل کی زندگی کے متعلق آپ نے بہت سی کہانیاں سُنی ہوں گی۔ آؤ آج آپ کو جنگل کے بارے میں کچھ اور دل چسپ باتیں بتائیں۔

جنگلی جانور اتنے خوں خوار نہیں ہوتے ، جتنا عام طور پر اُنھیں سمجھا جاتا ہے۔ یہ بلا وجہ انسانوں کو نقصان نہیں پہنچاتے۔ البتّہ بھالو اگر اپنے بچّوں کے ساتھ ہو، تو کبھی کبھی بے وجہ حملہ کر بیٹھتا ہے۔ لیکن سچّی بات تو یہ ہے کہ شیر، چیتے، ہاتھی، گینڈے اور دوسرے جنگلی جانوروں سے دور ہی رہنا بہتر ہے۔ کیوں کہ ہم لوگ ان کے طور طریقے نہیں سمجھتے اور ایسی بات کر بیٹھتے ہیں جس سے جانوروں کو ہمارے اوپر غصّہ آجاتا ہے۔ یہ جانور جنگل کے باسی ہیں۔ یہ جس ماحول میں رہتے ہیں ، وہاں خودرَو پیڑ پودے، گھاس پھوس اور جھاڑیاں کثرت سے ہوتی ہیں۔

جنگل میں طرح طرح کے کیڑے مکوڑے، چڑیاں اور جانور پائے جاتے ہیں۔ جنگل میں کوئی نہ کوئی چشمہ، جھیل یا ندی بھی ہوتی ہے۔ تمام جنگل ایک سے نہیں ہوتے بلکہ ہر جنگل کی آب و ہوا اور زمین کی بناوٹ مختلف ہوتی ہے۔ اُسی کے لحاظ سے وہاں کے پیڑ پودے اور جانور ہوتے ہیں۔ مثال کے طور پر شیر صرف ایسے جنگلوں میں ملتا ہے ، جہاں خوب جھاڑیاں ، پیڑ پودے اور شکار کے لیے چھوٹے بڑے جانور ہوتے ہیں۔



ہمارے ملک میں کئی قسم کے جنگل ہیں۔ ہمالیہ اور دوسرے پہاڑی جنگلوں میں طرح طرح کے پیڑ پودے پائے جاتے ہیں۔ مثلاً چیڑ ، دیودار، سال ساگوان وغیرہ۔ ان جنگلوں، میں شیر، تیندوا، بھالو، طرح طرح کے ہرن ، بندر اور سانپ بھی ہوتے ہیں ۔ میدانی جنگل ہمالیہ کے دامن سے شروع ہوکر وادیوں میں دور دور تک پھیلے ہوئے ہیں۔ ان جنگلوں میں گھنے، اونچے اور چوڑے پتّوں والے درخت جیسے ڈھاک وغیرہ ہوتے

ہیں۔ یہاں پہاڑی علاقوں کی طرح پانی کی اِفراط ہوتی ہے۔ جانور بھی اوپری حصّوں سے آتے جاتے رہتے ہیں۔

ریگستان میں پانی کی کمی ہوتی ہے۔ ان میں صرف وہی پیڑ پودے اور جانور پائے جاتے ہیں جنھیں پانی کی بہت کم ضرورت ہوتی ہے۔ زیادہ تر کانٹے دار، بے پتّی کے پیڑ، پودے ہوتے ہیں۔ جیسے: ناگ پھنی، ببول وغیرہ۔ یہاں اونٹ، ببر شیر، لنگور، سانپ اور گرگٹ جیسے جانور ملتے ہیں۔

زیادہ تر جانوروں کو پودوں سے غذا ملتی ہے۔ کچھ جانور ایسے بھی ہوتے ہیں جو دوسرے جانوروں کا شکار کرکے اُن کا گوشت کھاتے ہیں، جیسے: شیر، چیتا وغیرہ۔ چرندوں سے یہ فائدہ ہے کہ وہ جنگل کے پیڑ پودوں کو کھاتے رہتے ہیں۔ اگر ایسا نہ ہوتو جنگل اِتنے گھنے ہوجائیں کہ ان میں روشنی، ہوا اور پانی کی کمی ہوجائے اور پیڑ پودے مرجائیں۔ دوسری طرف اگر درندے نہ ہوں تو چرند اِتنے ہوجائیں گے کہ سارے کا سارا جنگل کھا کر ختم کردیں گے۔ چڑیاں جنگلوں کے لیے ضروری ہیں، اس لیے کہ اُن کی وجہ سے کیڑے مکوڑے کم ہوتے رہتے ہیں۔ وہ بیجوں کو بھی بکھیرتی ہیں اور اُن کی بیٹ سے جنگل زرخیز ہوتے رہتے ہیں۔ غرض ہر جانور اور ہر پودا جنگل کی زندگی کے لیے اپنی اپنی جگہ پر ضروری ہے۔

کسی زمانے میں ہمارے ملک میں بہت جنگل تھے، مگر اب آبادی کے بڑھنے، شہروں کے آباد ہونے، کھیتی باڑی اور کارخانوں میں اضافے کی وجہ سے جنگل کٹتے جارہے ہیں۔ جنگلوں کی وجہ سے آب وہوا اچھّی رہتی ہے۔ ہوا میں آکسیجن کی کمی نہیں رہتی۔ بارش خوب ہوتی ہے۔ باڑھ کی تیزی کم ہوتی ہے۔ اس کے علاوہ جنگلوں میں طرح طرح کی جڑی بوٹیاں، عمارتی لکڑی، شہد، گوند، کوئلہ، لاکھ، ربر، کاغذ بنانے کی لکڑی، تارپین کا تیل اور اسی طرح کی بے شمار چیزیں حاصل ہوتی ہیں۔ یہ وہ ضروری چیزیں ہیں، جن کے بغیر ہماری زندگی مکمل نہیں ہوتی۔ غرض جنگل ہماری زندگی کے لیے بہت ضروری ہیں۔

## مشق

- **معنی یاد کیجیے:**

خوں خوار : چیر پھاڑ کر کھانے والا

© NCERT not to be republished

| | | |
|---|---|---|
| خودرَو | : | اپنے آپ اُگنے والا |
| چشمہ | : | زمین سے اُبلنے والا پانی |
| وادی | : | پہاڑ کے قریب کی زمین جہاں درخت کم اور پانی بہنے کا راستہ ہو |
| اِفراط | : | زیادتی |
| زرخیز | : | اُپجاؤ، وہ زمین جہاں اچھی پیداوار ہوتی ہو |
| کثرت | : | زیادتی |

## ● غور کیجیے:

☆ ماحولیاتی توازن کو قائم رکھنے میں جنگلوں کی بڑی اہمیت ہے۔

☆ جنگلوں کی حفاظت کرنا ہمارا فرض ہے۔

## ● سوچیے اور بتائیے:

1۔ جنگلی جانوروں سے دور رہنا کیوں بہتر ہے؟

2۔ شیر کس طرح کے جنگلوں میں رہتا ہے؟

3۔ جنگل میں پائے جانے والے مشہور درختوں کے نام بتائیے؟

4۔ جنگل کی زمین کس طرح زرخیز ہوتی رہتی ہے؟

5۔ ناگ پھنی، ببول اور کانٹے دار پیڑ پودے ریگستان میں کیوں زیادہ ہوتے ہیں؟

6۔ اگر جنگل زیادہ گھنے ہوجائیں تو انھیں کیا نقصان ہوسکتا ہے؟

7۔ اگر جنگل نہ ہوتے تو ہمیں کون کون سی چیزیں نہیں ملتیں؟

## ● نیچے لکھے ہوئے لفظوں سے جملے بنائیے:

دل چسپ      خوں خوار      کثرت      طور طریقے      زرخیز

© NCERT not to be republished

- **نیچے لکھے ہوئے لفظوں سے خالی جگہوں کو بھریے:**

غصّہ  قِسم  جنگلوں  ہمارے  لحاظ

1۔ کسی زمانے میں .................ملک میں بہت جنگل تھے۔

2۔ اسی کے .................سے وہاں کے پیڑ پودے اور جانور ہوتے ہیں۔

3۔ .......................کی وجہ سے آب و ہوا اچھّی رہتی ہے۔

4۔ ہمارے ملک میں کئی .................کے جنگل ہیں۔

5۔ جانوروں کو ہمارے اوپر.................آجاتا ہے۔

- **نیچے لکھے ہوئے لفظوں کے واحد اور جمع بنائیے:**

جنگل  کہانیاں  جھاڑیاں  پرند  درند

- **نیچے لکھے ہوئے لفظوں کے مذکّر اور مونّث لکھیے:**

شیر  ہاتھی  بندر  اونٹ  ہرن

- **نیچے لکھے ہوئے لفظوں کے متضاد لکھیے:**

دل چسپ  نقصان  کثرت  روشنی  آباد

- **عملی کام:**

☆ اپنے گھر کے آس پاس کچھ پودے لگائیے اور پابندی سے ان کی دیکھ بھال کیجیے۔

☆ جنگل کی اہمیت پر پانچ جملے لکھیے۔

© NCERT not to be republished